سوال نمبر 5256

منجانب: جناب سید جعفر شاہ صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختونخوا

نمبر شمار	سوال	جواب
	کیاوزیر مواصلات و تعمیرات اِرشاد فرمائیں گے کہ ۔	
(الف)	آیایہ درست ہے کہ مدین ٹاؤن کے مشرق میں ہزاروں لوگوں کیلئے ایک مین رابطہ سڑک ہیں جو کہ کئی سال قبل تعمیر کی گئی تھی؟	جی ہاں۔ مدین چیل شنکو بشیگرام روڈ سابقہ والئی سوات کے دور میں تعمیر کیا گیا تھا۔
(ب)	آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ علاقہ سیاحت کیلئے ایک منفرد مقام کیلئے رکھتاہے بشیر گرام جھیل اس وادی میں واقعہ ہے اور محکمہ نے سیاحوں کیلئے کروڑوں روپے کی لاگت سے ایک سیاحتی کیمپ بھی قائم کیاہے۔؟	جی ہاں۔ یہ علاقہ سیاحت کے لئے مشہور ہے لیکن سیاحتی کیمپ کے قیام سے متعلق معلومات محکمہ سیاحت سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔
(ج)	آیایہ بھی دُرست ہے کہ مذکورہ سڑک کی حالت ناگفتہ بہ ہے جس سے لوگوں کو آمدورفت میں سخت مشکلات درپیش ہیں؟	جی ہاں۔
(د)	اگر تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ اس سڑک کی تعمیر/ بحالی کاارادہ رکھتاہے تفصیل فراہم کی جائے۔؟	مذکورہ سڑک کی تعمیر/بحالی کے لئے فی الحال کوئی سکیم اے۔ڈی۔پی میں شامل نہیں ہواہے۔